Civics - FA Part 1 Civics Urdu Medium Chapter 3 Short Questions Preparation

Q1. اسلامی ریاست قومی ریاست سے کیسے مختلف ہے؟

Ans 1: اسلامی ریاست قومی ریاست ست بہت مختلف تصور ہے.اسلامی ریاست میں کسی مخصوص نسل،گروہ،زبان یا کلچرسے وابستہ لوگوں کی حکومت کا کوئی مقام نہیں ملتا.مغرب میں نسلی اور علاقائی بنیادوں پر قومی ریاستوں کے قیام کا خیال بہت پسندکیا جاتا ہے.اسلام اس کا بالکل قائل نہیں ہے.اسلامی ریاست کی بنیاد عقیدہ ہے.

Q2. ایک ریاست کی آبادی کتنی ہونی چاہیئے؟

Ans 1: کئی ایسی ریاستیں جہاں کروڑوں افراد بستے ہیں اور ایسی بھی ہیں جن کی آبادی چند ہزار بھی نہیں ہے،چین اور بھارت کی آبادی ایک ارب سے کہیں بڑھ گئی ہے،ماہرین نے آبادی کا حوالے سے ایک فارمولہ تسلیم کیا ہے کہ ریاست کی آبادی اس کے وسائل سے ہم آہنگ ہونی چاہیئے.

Q3. نظریہ پدرسری کے بارے میں سرہنری میں کیا رائے ہے؟

Ans 1: نظرئی پدرسری سر ہنری میں نے پیش کرتے ہوئے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ ریاست خاندان کی وسیع تر شکل ہے.خاندان سے سے پہلا اور فطری ادارہ ہے جو انسان کوبنا بنایا مل جاتا ہے.خاندان پھیلا تو برادری بنی پھیلی تو قبیلہ بنا،قبیلے کا سب سے بڑا بزرگ قبیلے کا سردار ہوتا.

Q4. برجیس کے نزدیک ریاست کی کیا تعریف ہے؟

Ans 1: برجیس کے نزدیک ریاست کی تعریف درج ذیل ہے: "ریاست افراد کا ایک گروہ جسے منظم یونٹ کہا جا سکتا ہے".

Q5. گارنر نے ریاست کی کیا تعریف کی؟

Ans 1: گا رنر نے ریاست کی تعریف کی ہے کہ: "ریاست افراد کی ایسی تنظیم کا نام ہے جو ایک مخصوص علاقے پر قابض ہو،بیرونی کنٹرول سے آزاد ہو اور وہاں ایک منظم حکومت قائم ہو ایسی حکومت جس کی اطاعت عوام کی اکثریت عادتًا کرتی ہو.".

Q6. اسلامی ریاست میں قانون کی حکمرانی بیان کریں.

Ans 1: اسلامی ریاست میں قانون کو تمام افراد سے بالاتر رکھا جاتا ہےحالانکہ خلیفہ وقت کو بھی بطور ملزم یا گواہ قاضی کی عدالت میں طلب کیا جاسکتا ہے،کوئی فرد اسلامی ریاست میں قانون سے بالاتر نہیں ہے،قانون سب کو ایک نظر سے دیکھتا ہےاسلامی ریاست میں حاکم اعلیٰ بھی قانون پر پوری طرح عمل کرنے کا پابند ہے.

Q7. لاسکی نے ریاست کی کیا تعریف کی ہے؟

Ans 1: لاسکی نے ریاست کی تعریف کی ہے کہ: "دوسرے اداروں پر حاوی ادارہ ریاست کہلاتاہے جس میں عوام حکومت اور رعایا میں منقسم ہو اور ان کے پاس مخصوص علاقہ ہو".

Q8. نظریہ تخلیق ربانی کے بنیادی اصول کیا ہیں؟

Ans 1: 1.ریاست اللہ کی تخلیق ہے. 2.حاکم اعلی کو بھی رب تعالی ہی مقرر کرتا ہے. 3.حاکم اعلی رب تعالی کا نائب ہے. 4.حاکم اعلی کی حکم عدولی ہے.

Q9. اقتدارعلیٰ کو دو اقسام کے نام لکھیں.

Ans 1: 1.????? ?????? ????? 2.????? ?????? ?????

Q10. فلاحی ریاست کا سب سے اہم مقصد کیا ہے؟

Ans 1: فلاحی ریاست کا سب سے اہم مقصد عوام کی بھلائی کے لیے کام کرناہے.ریاسے ظلم و جبر کے بجائےخدمت اور ترقی کے لیے کام کرتی ہے،ریاست کا اولین فرض عوام کو زیادہ سے دیادہ سہولیات فراہم کرناہوتا ہے.